## نجی ایئر لائن کے طیارے کے تباہ ہونے کے سانحہ میں ہلاکتوں پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

## سانحہ کی تحقیقات کرائی جائے اور ہلاک شدگان کے لواحقین اور زخمی افراد کو معاوضہ دیا جائے

لندن۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سے اسلام آباد روانہ ہونے والے نجی ایئر لائن کے طیارے کے مرگلہ کی پہاڑیوں میں گر کر تباہ ہونے کے المناک سانحہ میں مسافروں سمیت عملے کی ہلاکتوں اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو صبر عطا کرے۔انہوں نے زخمی کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ طیارے کے تباہ ہونے کے سانحہ کی تحقیقات کرائی جائے اور ہلاک و زخمی افراد کے لواحقین کو مالی معاوضہ جلد فراہم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

## حق پرست رکنِ قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب علالت کے باعث انتقال کر گئیں

## مرحومہ کی نمازِ جنازہ آج بعد نمازِ عشاء جامعہ مسجد ناظم آباد نمبر 2 نزد پرنٹنگ پریس مارکیٹ میں ادا کی جائیگی

## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکنِ قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب علالت کے باعث انتقال کر گئیں۔مرحومہ کی عمر 73 سال تھی اور ان کے سوگواران میں دو بیٹے اور دو بٹیاں شامل ہیں۔مرحومہ کی نمازِ جنازہ آج بعد نمازِ عشاء جامعہ مسجد ناظم آباد نمبر 2 نزد پرنٹنگ پریس مارکیٹ میں ادا کی جائیگی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکنِ قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور فرحت خان سمیت مرحومہ کے سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان کی والدہ محترمہ عابدہ غالب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے جمعرات کو یوم سوگ منانے کا اعلان

لندن۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نجی ایئر لائن کے طیارے کے حادثے میں مسافروں اور عملے کے جاں بحق ہونے پر ایم کیو ایم کی جانب سے جمعرات کے روز ایک روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ اس قومی سانحہ میں ایم کیو ایم پوری طرح متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور ان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔جناب الطاف حسین نے عوام و کارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں بھی کریں۔جناب الطاف حسین نے وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ قومی سانحہ کی غیر جانبدار تحقیقات کرائی جائے اور قومی سانحہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین کو فی الفور معاوضہ ادا کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

## نجی ائیر لائن کے سانحہ میں اپنے کزن اسد انور کی ہلاکت پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نجی ائیر لائن کے طیارے کے تباہ ہونے کے نتیجے میں اپنے ایک کزن اسد انور کے ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین اسد انور شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکناں آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی اس شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر وجمیل کی توفیق دے۔علاوازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین کے عزیز کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ شہید کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر وجمیل فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆

## عوام و کارکنان صوفی اختر محمد کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جمال اختر کاکڑ کے والد صوفی اختر محمد کی بلڈ کینسر کے باعث علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ صوفی اختر محمد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

☆☆☆☆☆☆

## صوبہ خیبر پختونخواہ اور فاٹا میں بارشوں اور سیلاب سے والے جانی و مالی نقصانات پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔28 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخواہ اور فاٹا میں شدید بارشوں اور سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا بھی اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں پر خصوصی توجہ دی جائے، جو متاثرہ افراد کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں انہیں محفوظ اور مناسب مقامات پر منتقلی کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆

## حق پرست سینیٹر بابر خان غوری کا جناب الطاف حسین کی ہدایت پر وزیراعظم سے رابطہ
## سانحہ مرگلہ میں جاں بحق ہونے والے لواحقین سے ہر ممکن تعاون کیا جائے

اسلام آباد: 28 / جولائی 2010ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ سینیٹر بابر خان غوری کو یقین دلایا ہے کہ سانحہ مرگلہ میں جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کے باآسانی حصول اور انہیں گھروں تک لیجانے سمیت متعلقہ لواحقین کو ہر قسم کی مدد سرکاری سطح پر فراہم کی جائے گی۔ یہ یقین دہانی وزیراعظم نے اس وقت کرائی جب بابر خان غوری نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ان سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا اور موقف اختیار کیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس افسوسناک حادثے اور اس کے نتیجے میں ہونے والے بڑے جانی و مالی نقصان پر انتہائی تشویش میں مبتلا ہیں وہ چاہتے ہیں کہ وفاقی حکومت جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کو ان کے گھروں تک پہنچانے اور خصوصی طور پر وہ غم زدہ لواحقین کو جو اپنے پیاروں کی لاشیں وصول کرنے کے لئے اسلام آباد پہنچے ہیں انہیں سرکاری سطح پر ہر ممکن مدد و معاونت کی جائے اور ان دکھی لواحقین کو کوئی مشکل یا مسئلہ پیش نہ آئے۔ بابر خان غوری نے وزیراعظم سے مزید کہا کہ اسلام آباد میں آمدورفت کے کرائے سمیت لواحقین کے طعام و قیام کا بھی انتظام وفاقی حکومت خود اپنے اخراجات پر کرے اور ان کا بھرپور خیال رکھا جائے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے بابر خان غوری کو یقین دلایا کہ حکومت اپنی ذمہ داریوں سے پوری طرح آگاہ ہے اور وہ جاں بحق لواحقین مکمل مدد کرے گی۔ وزیراعظم نے بابر خان غوری کو بتایا کہ وفاقی حکومت پہلے ہی جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کیلئے فی کس پانچ لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کر چکی ہے یہ معاوضہ اس کے علاوہ ہوگا جس معاوضہ کا اعلان متعلقہ ایئر لائن ضابطے کے مطابق کریگی۔

☆☆☆☆☆

## رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون کا ہیلپ لائن سیل کا دورہ

کراچی۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی رضا ہارون نے بدھ کے روز سانحہ مرگلہ کے حوالے سے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے تحت کراچی کے ایئرپورٹ پر قائم ہیلپ لائن سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انکے ہمراہ ای ڈی او مسعود عالم اور متعلقہ ڈی سی او کے کورڈینیٹر رشید جمال بھی موجود تھے۔ اس سینٹر کے قیام کا مقصد سانحہ مرگلہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو اپنے پیاروں کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرنا اور لاشیں وارثوں تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن تعاون کرنا ہے۔ ہیلپ لائن سینٹر کا ٹیلی فون کا نمبر 021-34297684-85 ہے متعلقہ افراد کسی بھی قسم کی معلومات کیلئے ان نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات کی کہ وہ اس سینٹر میں کارکردگی کو موثر بنانے کیلئے اپنا فعال کردار ادا کریں اور مرحومین کے اہلِ خانہ کیساتھ مکمل تعاون کریں۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے مزید کہا کہ متاثرہ افراد سے اس سلسلے میں مسلسل رابطہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆

## انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کی جانب سے حکیم محمد سعید کے قتل میں بے قصور قرار دینا ایم کیوایم کی بے گناہی کا ایک اور ثبوت ہے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔28، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کے اعترافی بیان کو ایم کیوایم کی بے گناہی کا ایک اور ثبوت قرار دیا ہے اور مطالبہ کیا کہ حکیم محمد سعید کے قتل میں ملوث ملزمان اوران کے سرپرستوں کو بے نقاب کیا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اس سے قبل مسلح افواج کے سابق ریٹائرڈ افسران کی جانب سے بھی جناح پور کی گھناؤنی سازش کا پردہ چاک کیا جاچکا ہے اوراس میں ایم کیوایم کو بے قصور قرار دیا جاچکا ہے اوراب ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا یہ اعترافی بیان کہ حکیم سعید قتل کیس میں متحدہ قومی موومنٹ کو غلط ملوث کیا گیا تھا ثابت کرتا ہے کہ یم کیوایم کو بلاجواز اور بے بنیاد الزامات عائد کرکے ماضی میں مظالم کا نشانہ بنایا گیا، اس کے ہزاروں کارکنان کواس پاداش میں بے دردی سے شہید کردیا گیا اور ہزاروں دربدری اورجلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور کردیئے گئے ۔انہوں نے کہا کہ اب جبکہ یہ بات پوری طرح عیاں ہوچکی ہے کہ اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ نے ایم کیوایم کی مقبولیت سے خوف زدہ ہوکر ایم کیوایم پر جناح پور کے منصوبے اور حکیم سعید قتل کے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگائے تاکہ ایم کیوایم ملک بھر کے عوام میں ایم کیوایم کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا جائے اورایم کیوایم کی کے خلاف عوام میں نفرت پیدا کی جائے ۔انہوں نے سوال کیا کہ حکیم محمد سعید کا قتل اور جناح پور کی گھناؤنی سازش میں ایم کیوایم کو ملوث کرنے والے عناصر کیا آئین وقانون کی گرفت سے آزاد ہیں؟ انہوں نے مزید کہا کہ انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا اعترافی بیان حق پرستانہ جدوجہد کی فتح ہے اوراس بات کو واضح کرتا ہے کہ ظلم وستم ، اوچھے ہتھکنڈے اور جھوٹے و بے بنیاد الزامات عائد کرکے حق پرستی کی تحریک کو نہ توکل ختم کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی آج اس تحریک کے خلاف سازشیں کرنے والے اپنے مذموم عزائم میں کامیاب ہوسکتے ہیں ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کی جانب سے حکیم محمد سعید کے قتل میں ایم کیوایم کو بے قصور قرار دینے کے اعترافی بیان کی روشنی میں حکیم محمد سعید قتل کیس میں ملوث اصل قاتلوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے ۔

☆☆☆☆☆

## متحدہ سوشل فورم زندگی کے ہر شعبے تک تحریک کا پیغام پھیلائے گا

## متحدہ سوشل فورم کا اجلاس، شہداء کے بلند درجات، تحریک کی کامیابی اور الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے اجتماعی دعا کی گئی

کراچی ۔۔۔27 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبے متحدہ سوشل فورم کا اجلاس گزشتہ روز انچارج لونگ خان چنہ کی سربراہی میں منعقد ہوا جس میں فورم کے جوائنٹ انچارجز غازی صلاح الدین ، احمد سلیم صدیقی کے علاوہ تمام اراکین نے شرکت کی ۔اجلاس میں دانشوروں، شعراء کرام، ادیب، پروفیسرز، کالم نگار، ڈاکٹرز ، انجینئرز، وکلاء اور فنکاروں سمیت دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے تحت جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگار شہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب میں بھر پور شرکت کرنے پر تشکر کا اظہار کیا گیا ۔اجلاس میں شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے متحدہ سوشل فورم کا قیام عمل میں لاکر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے تمام کارکنان اس پر پورا اتریں گے اوردن رات محنت ولگن سے کام کرکے جناب الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو ملک بھر سے تعلق رکھنے والے دانشوروں، ادیبوں، شعراء کرام، پروفیسرز، کالم نگاروں، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، فنکاروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد میں زیادہ سے زیادہ پھیلانے کیلئے اپنی بھر پور صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے ۔آخر میں اجلاس کے شرکاء نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی، شہداء کی مغفرت، اسیروں کی رہائی، تحریک کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ136 کے شہید کارکن محمد یونس کے بھائی محمد ایوب، لیاری سیکٹر یونٹ32 کے کارکن عبدالکریم کی والدہ محترمہ کبیرن بیگم، اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد شہاب الدین کی ہمشیرہ طلعت پروین، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ107 کے کارکن سید فیضان حسین کی ہمشیرہ سیدہ ذرین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆